## سوال

اہل سنت والجماعت کون ہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اہل سنت والجماعت کون ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل سنت والجماعت سے مراد وہ لوگ ہیں جنھوں نے سنت نبوی کو مضبوطی سے تھام رکھا ہے، اور اس پر متحد ہوکر جمع ہوگئے ہیں سنت کے سوا انہوں نے کسی اور چیز کی طرف نظر التفات ڈالنا گوارہ نہیں کیا، نہ علم وعقیدہ کے امور میں اور نہ عمل کے احکام ومسائل میں۔ اسی وجہ سے انہیں اہل سنت کے نام سے موسوم کیا گیا ہے مراد یہ ہے کہ یہ لوگ سنت کو مضبوطی کے ساتھ تھامنے والے ہیں اور اسی طرح انہیں اہل الجماعت کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ سنت ہی پر جمع ہوئے ہیں۔ اگر آپ اہل بدعت کے حالات کا جائزہ لیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ عقیدہ وعمل کے اختلاف میں مبتلا ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ انہوں نے دین میں جس قدر بدعات کو ایجاد کیا وہ اسی قدر سنت سے دور ہوتے چلے گئے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

**عقائد کے مسائل : صفحہ 34**